## مون سون کے دوران فصلات کا تحفظ

## زرعی فیچر سروس: نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

مون سون کی بارشیں جہاں گرمی کی شدت کم کرنے اور آبی ذخائر میں اضافے کا باعث بنتی ہیں وہیں فصلات کے لیے بعض اوقات مسائل بھی پیدا کر دیتی ہیں۔ زیادہ بارشوں کے باعث کھیتوں میں پانی کھڑا ہونے، جڑی بوٹیوں کی تیز افزائش اور ضرر رساں کیڑوں کے حملوں میں اضافہ پیداوار کو متاثر کر سکتا ہے۔ ایسے حالات میں ضروری ہے کہ کاشتکار بروقت حفاظتی اقدامات اختیار کریں تاکہ فصلیں ممکنہ نقصانات سے محفوظ رہیں۔یہی وجہ ہے کہ محکمہ زراعت پنجاب نے مون سون کے دوران فصلات کے تحفظ کے لیے کاشتکاروں کو خصوصی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔ مون سون کے دوران کماد، دھان اور چارہ جات کی فصلیں پانی کی زیادتی نسبتاً برداشت کر لیتی ہیں، اس لیے بارش کا اضافی پانی ان فصلوں میں منتقل کیا جا سکتا ہے۔ اس کے برعکس کپاس اور سبزیات کی فصلیں زیادہ دیر پانی برداشت نہیں کرتیں، لہٰذا ان کھیتوں سے بارش کے زائد پانی کی فوری نکاسی انتہائی ضروری ہے۔

زرعی ماہرین کے مطابق اگر کپاس یا سبزیات کے قریب کماد یا دھان کی فصل موجود ہو تو اضافی پانی ان کھیتوں میں منتقل کیا جا سکتا ہے، جبکہ خالی کھیت کی صورت میں کھائی کھود کر پانی کی نکاسی کا انتظام کرنا چاہیے۔ یاد رہے کہ اگر کپاس کے کھیت میں بارش کا پانی 48 گھنٹے تک کھڑا رہے تو پودے مرنا شروع ہو جاتے ہیں، جس سے پیداوار میں نمایاں کمی واقع ہو سکتی ہے۔بارشوں کے بعد اگر ضرورت محسوس ہو تو محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورے سے کپاس پر گروتھ ریگولیٹرز کا سپرے بھی کیا جا سکتا ہے تاکہ فصل کی بہتر نشوونما برقرار رہے۔ اسی طرح کاشتکاروں کو چاہیے کہ وہ ریڈیو اور ٹی وی سے نشر ہونے والی موسمی پیش گوئی پر مسلسل نظر رکھیں اور آبپاشی سمیت دیگر زرعی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی موسم کے مطابق کریں۔اس کے علاوہ مون سون کے موسم میں جڑی بوٹیوں کی افزائش میں بھی غیر معمولی اضافہ ہوتا ہے۔ یہ جڑی بوٹیاں فصل کے ساتھ غذائی اجزاء، پانی اور روشنی کے حصول میں مقابلہ کرتی ہیں اور ضرر رساں کیڑوں کی پناہ گاہ بھی بن جاتی ہیں۔ مزید برآں، موسم میں نمی اور حبس رس چوسنے والے کیڑوں کی افزائش کے لیے سازگار ماحول فراہم کرتے ہیں، جس سے فصلوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔

مون سون کے دوران ضروری ہے کہ کاشتکار اپنے کھیتوں کا باقاعدگی سے معائنہ کریں اور کسی بھی قسم کے کیڑوں یا بیماری کی صورت میں محکمہ زراعت (توسیع) یا پیسٹ وارننگ کے مقامی عملے سے فوری مشورہ حاصل کریں۔ بروقت رہنمائی اور احتیاطی تدابیر پر عمل درآمد نہ صرف فصلات کو محفوظ بناتا ہے بلکہ بہتر پیداوار اور کسان کی معاشی خوشحالی میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔مون سون کے دوران اختیار کی جانے والی دانشمندانہ حکمت عملی ہی فصلات کے تحفظ اور بھرپور پیداوار کی اصل ضمانت ہے۔

****